SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

# سندھ آرڈیننس نمبر XVIII مجریہ ۱۹۷۴

# SINDH ORDINANCE NO.XVIII OF 1974

## سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ (دوسری ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴

## THE SINDH PEOPLE'S LOCAL GOVERNMENT (SECOND AMENDMENT) ORDINANCE, 1974

## فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس II کی دفعہ ۴ کی ترمیم
Amendment of Section 4 of Sindh Ordinance II of 1972

سندھ آرڈیننس نمبر XVIII مجریہ ۱۹۷۴

SINDH ORDINANCE NO.XVIII OF 1974

# سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ (دوسری ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴

# THE SINDH PEOPLE'S LOCAL GOVERNMENT (SECOND AMENDMENT) ORDINANCE, 1974

[۲۸ دسمبر ۱۹۷۴]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۱۹۷۴ میں مزید ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۱۹۷۴ میں مزید ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ لوکل گورنمنٹ (دوسری ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس II کی دفعہ ۴ کی ترمیم

Amendment of Section 4 of Sindh Ordinance II of 1972

۲۔سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۱۹۷۴ کی دفعہ ۴ کی ذیلی دفعہ (۲) میں، شق (b) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:

"(b) لوکل کاؤنسلز اور میونسپل کمیٹیز میں خدمات اور کام سرانجام دینے والے عملدار اور ایڈمنسٹریٹر ایسی خدمات اور کام تب تک جاری رکھیں گے جب تک خاص طور پر تشکیل دی گئی کاؤنسلز اس آرڈیننس کی گنجائشوں کے تحت آفیس سنبھالیں؛

بشرطیکہ حکومت ایسی کسی آفیس یا ایڈمنسٹریٹر کی جگہ پر کسی بھی شخص کو ایسی لوکل کاؤنسل یا میونسپل کمیٹی کا ایڈمنسٹریٹر مقرر کر سکتی ہے، جیسے بھی معاملہ ہو۔"۔

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**